## قیامت خیز سیلاب کی تباہ کاریوں سے نجات کیلئے کھلے آسمان تلے چھوٹے بڑے میدانوں میں دو رکعت نماز استغفار ادا کریں۔ پاکستان کے تمام مسلمانوں سے الطاف حسین کی دردمندانہ اپیل

## نماز کے بعد سات مرتبہ درود تنجینا ، سات مرتبہ '' استغفراللہ ربِّ من کل ذنب' واتوب الیہ'' پڑھیں، اس کے بعد نماز استغفار کی امامت کرنے والے امام سات مرتبہ دعائے سید الاستغفار پڑھیں، عوام اس دعا کو اجتماعی طور پر دوہرائیں

## اللہ تعالیٰ ملک کو سیلاب کی ناگہانی آفت سے جلد از جلد نجات دلائے، ہمارے گناہوں کو معاف فرمائے، ہم پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دے اور ہماری غیب سے مدد فرمائے

لندن۔۔۔13 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان کے تمام مسلمانوں سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ وہ قیامت خیز سیلاب کی تباہ کاریوں سے نجات کیلئے کھلے آسمان تلے چھوٹے بڑے میدانوں میں دو رکعت نماز استغفار ادا کریں۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان اس وقت تاریخ کے بدترین سیلاب کی تباہ کاریوں سے دوچار ہے، اس قدرتی آفت کے نتیجے میں ہزاروں افراد جاں بحق، ہزاروں لاپتہ اور لاکھوں بے گھر ہوچکے ہیں، شہر کے شہر تباہ ہوچکے ہیں، سینکڑوں دیہات صفحہ ہستی سے مٹ گئے ہیں، کھڑی فصلیں، سڑکیں اور پل تباہ ہوچکے ہیں، ہر طرف تباہی و بربادی ہے۔ انہوں نے عوام سے دردمندانہ اپیل کی کہ وہ اس قدرتی آفت سے نجات کیلئے کھلے آسمان تلے چھوٹے بڑے میدانوں میں باجماعت دو رکعت نماز استغفار ادا کریں۔ نماز کے بعد سات مرتبہ درود تنجینا ، سات مرتبہ '' استغفراللہ ربِّ من کل ذنب' واتوب الیہ'' پڑھیں۔ اس کے بعد نماز استغفار کی امامت کرنے والے امام سات مرتبہ دعائے سید الاستغفار پڑھیں اور عوام سے کہیں کہ وہ اس دعا کو اجتماعی طور پر دوہرائیں۔ (دعائے استغفار منسلک ہے ) دعائے استغفار پڑھنے کے بعد عوام خشوع وخضوع کے ساتھ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ملک کو سیلاب کی ناگہانی آفت سے جلد از جلد نجات دلائے، ہمارے گناہوں کو معاف فرمائے اور ہم پر اپنی رحمت کے دروازے کھول دے اور ہماری غیب سے مدد فرمائے۔

☆☆☆☆☆